باب 7: پاکستان کی معاشی ترقی

مشقی سوالات

ہر سوال کے چار جوابات دیے گئے ہیں۔ درست جواب پر (✓) کا نشان لگائیں۔

1۔ اسلام بیراج تعمیر کیا گیا:

(A) دریائے سندھ پر (B) دریائے چناب پر (C) دریائے راوی پر (D) دریائے ستلج پر

2۔ کراچی بندرگاہ کی بنیاد رکھی گئی:

(A) 1832ء میں (B) 1842ء میں (C) 1852ء میں (D) 1862ء میں

3۔ معاشی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے 1960ء میں شروع کیا گیا:

(A) دوسرا پانچ سالہ منصوبہ (B) تیسرا پانچ سالہ منصوبہ (C) چوتھا پانچ سالہ منصوبہ (D) پانچواں پانچ سالہ منصوبہ

4۔ پاکستان میں خوردنی نمک کے وسیع ذخائر ہیں:

(A) خاران میں (B) سینڈک میں (C) کوہستانِ نمک میں (D) لنگڑیال میں

5۔ آب پاشی کی کفایتی اور جدید طریقے ہیں:

(A) روایتی کھالوں سے آب پاشی (B) پختہ کھالوں سے آب پاشی (C) فصلوں سے آب پاشی (D) سپر نکلر اور ڈرپ سے آپ پاشی

جوابات:

1۔ دریائے ستلج 2۔ 1852ء میں 3۔ دوسرا پانچ سالہ منصوبہ

4۔ کوہستانِ نمک میں 5۔ سپر نکلر اور ڈرپ سے آب پاشی

درج ذیل سوالات کے مختصر جوابات دیں۔

1۔ معاشی ترقی کی تعریف کریں؟

جواب: معاشی ترقی، معیشت کی پیداواری صلاحیت میں ایسے لگاتار عمل کا نام ہے کہ جس کے نتیجے میں قومی آمدنی میں اضافہ ہوتا ہو۔

2۔ پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے کم ہونے کی اہم وجہ کیا ہے؟

جواب: پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے کم ہونے کی اہم وجہ ٹیکسوں کی بہتات اور غیر یقینی سیاسی صورت حال ہے۔

3۔ افرادی قوت سے کیا مراد ہے؟ اس میں کون سے لوگ شامل ہوتے ہیں۔

جواب: افرادی قوت سے مراد 16 سال یا اس سے زائد عمر کے وہ افراد ہیں جو کمانے کے اہل ہوں۔ ان میں برسرِ روزگار اور بے روزگار دونوں طرح کے لوگ شامل ہوتے ہیں۔

4۔ دفاعی صنعت سے کیا مراد ہے؟

جواب: دفاعی صنعت ملکی ضروریات کے مطابق اسلحہ بارود اور دیگر دفاعی سامان تیار کرتی ہے۔ اس سے ملک کا دفاع مضبوط ہوتا ہے۔

5۔ پاکستان کی پانچ رابطہ انہار کے نام لکھیں۔

جواب: پاکستان کی پانچ رابطہ انہار یہ ہیں:

1۔ اپر جہلم کنال 2۔ لوئر جہلم کنال 3۔ رسول قادر آباد لنک کنال

4۔ اپر چناب کنال 5۔ مرالہ راوی لنک کنال

یہ نوٹس اور اس طرح کے مزید نوٹس پڑھنے یا ڈاؤنلوڈ کرنے کے لئے ہماری ویبسائٹ taleemcity.com وزٹ کریں۔

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

اضافی معروضی و مختصر سوالات

معروضی سوالات

پاکستان کی معاشی ترقی (Economic Development of Pakistan)

افرادی قوت (Labour Force)

درست جواب کا انتخاب کریں۔

حکومت پاکستان نے معاشی ترقی کے لیے "منصوبہ بندی کمیشن" قائم کیا:

(A) 1948ء میں (B) 1949ء میں (C) 1951ء میں (D) 1953ء میں

2۔ قیام پاکستان سے اب تک معاشی ترقی کو عشروں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

(A) آٹھ (B) سات (C) چھ (D) پانچ

3۔ قائداعظم محمد علی جناحؒ نے پاکستان کے پہلے گورنر جنرل کی حیثیت سے حلف اٹھایا:

(A) یکم اگست 1947ء کو (B) 11۔اگست 1947ء کو (C) 15۔اگست 1947ء کو (D) 22۔اگست 1947ء کو

4۔ قائداعظم محمد علی جناح خالق حقیقی سے جاملے:

(A) 11۔ ستمبر 1948ء کو (B) 21۔اپریل 1949ء کو (C) 12۔مارچ 1950ء کو (D) 16۔اکتوبر 1951ء کو

5۔ پاکستان میں جون 1953ء تک زیادہ تر کام چھے سالہ منصوبے کے تحت انجام دیے گئے جسے کہا جاتا ہے:

(A) لندن پلان (B) سڈنی پلان (C) ماسکو پلان (D) کولمبو پلان

6۔ پاکستان میں معاشی ترقی کے لیے پانچ سالہ منصوبوں کا سلسلہ شروع کیا گیا:

(A) 1956ء میں (B) 1955ء میں (C) 1954ء میں (D) 1953ء میں

7۔ پاکستان کی معاشی ترقی کے لیے پہلے عشرہ میں زیادہ توجہ مرکوز کی گئی:

(A) صنعتی ترقی پر (B) زرعی ترقی پر (C) بیرون ملک سرمایہ کاری پر (D) ماہی گیری کی ترقی پر

8۔ پاکستان کی معاشی ترقی کا دوسرا پانچ سالہ منصوبہ شروع کیا گیا:

(A) 1955ء میں (B) 1956ء میں (C) 1958ء میں (D) 1960ء میں

9۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان سندھ معاہدہ ہوا:

(A) 1958ء میں (B) 1959ء میں (C) 1960ء میں (D) 1961ء میں

10۔ پاکستان کی معاشی ترقی کے دوسرے عشرے میں یونیورسٹی بنائی:

(A) انجینئرنگ یونیورسٹی لاہور (B) زرعی یونیورسٹی فیصل آباد (C) اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور (D) پنجاب یونیورسٹی لاہور

11۔ منگلا اور تربیلا ڈیم کے منصوبے شروع ہوئے:

(A) پہلے عشرے میں (B) دوسرے عشرے میں (C) تیسرے عشرے میں (D) چوتھے عشرے میں

12۔ فیصل آباد میں "پنجاب زرعی کالج اور ادارہ تحقیق" قائم کیا گیا:

(A) 1906ء میں (B) 1905ء میں (C) 1904ء میں (D) 1903ء میں

13۔ پنجاب زرعی کالج اور ادارہ تحقیق کو زرعی یونیورسٹی فیصل آباد بنایا گیا:

(A) 1959ء میں (B) 1960ء میں (C) 1961ء میں (D) 1962ء میں

14۔ تیسرے پانچ سالہ منصوبے میں سڑکیں تعمیر کی گئی:

(A) 74ہزار کلومیٹر (B) 70ہزار کلومیٹر (C) 65ہزار کلومیٹر (D) 63ہزار کلومیٹر

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

15۔1971ء کی پاک بھارت جنگ کی وجہ سے معاشی منصوبہ نامکمل رہا:

(A)دوسرا　(B)تیسرا　(C)چوتھا　(D)پانچواں

16۔پانچویں پانچ سالہ منصوبے کی تکمیل کے دوران افغانستان پر حملہ کر دیا:

(A)امریکا نے　(B)روس نے　(C)ایران نے　(D)چین نے

17۔پانچویں پانچ سالہ منصوبے کے دوران پاکستان میں مہاجرین آئے:

(A)روس سے　(B)ایران سے　(C)بھارت سے　(D)افغانستان سے

18۔ صنعتی نج کاری کا عشرہ تھا:

(A)تیسرا　(B)چوتھا　(C)پانچواں　(D)چھٹا

19۔پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری بہت زیادہ متاثر ہوئی:

(A)ایٹمی دھماکوں سے　(B)حکومتی تبدیلی سے　(C)قدرتی آفات سے　(D)صنعتی نج کاری سے

20۔معاشی ترقیاتی عشرے میں فی کس آمدنی دوگنا ہو گئی:

(A)تیسرے　(B)چوتھے　(C)پانچویں　(D)چھٹے

21۔2013ء کے انتخابات کے بعد حکومت قائم ہوئی:

(A)پاکستان پیپلز پارٹی کی　(B)پاکستان مسلم لیگ (ن) کی　(C)پاکستان تحریکِ انصاف کی　(D)پاکستان جمعیت علمائے اسلام کی

22۔"پاکستان تحریکِ انصاف" کی حکومت قائم ہوئی:

(A)2013ء میں　(B)2015ء میں　(C)2018ء میں　(D)2019ء میں

23۔افرادی قوت میں لوگ شامل ہوتے ہیں:

(A)دس سال کے　(B)بارہ سال کے　(C)تیرہ سال کے　(D)سولہ سال سے زائد

جوابات:

1۔1953ء میں	2۔سات	3۔15۔اگست 1947ء کو	4۔11۔ستمبر 1948ء کو
5۔کولمبو پلان	6۔1955ء سے	7۔ صنعتی ترقی پر	8۔1960ء میں
9۔1960ء میں	10۔زرعی یونیورسٹی فیصل آباد	11۔دوسرے عشرے میں	12۔1906ء میں
13۔1961ء میں	14۔74ہزار کلومیٹر	15۔چوتھا	16۔روس سے
17۔افغانستان سے	18۔پانچواں	19۔ایٹمی دھماکوں سے	20۔چھٹے
21۔پاکستان مسلم لیگ (ن) کی	22۔2018ء میں	23۔سولہ سال سے زائد	

مختصر جواب دیں۔

1۔حکومت پاکستان نے معاشی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے کون سے ادارے قائم کیے؟

جواب: پاکستان نے معاشی ترقی کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے 1952ء میں منصوبہ بندی اور ترقیاتی بورڈ قائم کیا اور 1953ء میں منصوبہ بندی کمیشن قائم کیا۔

2۔پاکستان کو ابتدا ہی سے کن مسائل کا سامنا رہا؟

جواب: پاکستان کو ابتدا ہی سے مہاجرین کی آباد کاری، انتظامی مسائل، حد بندی کے مسائل، مسئلہ کشمیر، ریاستوں کا الحاق، اثاثوں کی تقسیم، دریائی پانی کا مسئلہ، فوجی اثاثوں کی تقسیم اور دیگر معاشی مسائل کا سامنا رہا۔

3۔خام قومی پیداوار (جی۔ڈی۔پی) کسے کہتے ہیں؟

جواب: کسی معیشت میں کسی مخصوص عرصہ کے دوران میں پیدا کی جانے والی اشیا و خدمات کے (مارکیٹ قیمت پر) مجموعہ کو خام قومی پیداوار (جی۔ڈی۔پی) کہتے ہیں۔

taleemcity.com

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

4۔ پاکستان کے دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں زرعی ترقی کے لیے کیا اقدامات کیے گئے؟

جواب: پاکستان کے دوسرے پانچ سالہ منصوبہ میں زرعی ترقی کے لیے زرعی کالج لائل پور (فیصل آباد) کو زرعی یونیورسٹی کا درجہ دیا گیا زرعی اصلاحات نافذ کی گئیں۔ سیم اور تھور کے خاتمے کے لیے سیم نالوں کی تعمیر اور ٹیوب ویلوں کی تنصیب کی گئی۔

5۔ چھٹے پانچ سالہ منصوبہ کے اہداف کیا تھے؟

جواب: چھٹے پانچ سالہ منصوبہ کے اہداف میں روزگار کے مواقع میں اضافہ کرنا، سائنس اور ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے لیے وظائف کا اجرا، تعلیم اور صحت کے شعبوں کے لیے زیادہ رقوم مختص کرنا، معاشرے کے تمام افراد کے لیے بنیادی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنانا اور مستحق افراد کے لیے زکوۃ فنڈ کا قیام وغیرہ شامل تھے۔

6۔ پاکستان میں کتنے افراد کا شمار افرادی قوت میں ہوتا ہے اور کتنے لوگوں کو روزگار حاصل ہے؟

جواب: پاکستان میں اس وقت تقریباً 65.5 ملین افراد کا شمار افرادی قوت میں ہوتا ہے ان میں سے 61.71 ملین افراد کو روزگار حاصل ہے۔ باقی افراد بے روزگار ہیں۔

پاکستان کے اہم دھاتی اور غیر دھاتی معدنیات کے وسائل، معاشی اہمیت اور تقسیم

(Major metallic and nonmetallic mineral resources, their economic importance and distribution in Pakistan)

درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔ زیرِ زمین دھاتی اشیا اور غیر دھاتی اشیا کہلاتی ہیں:

(A) معدنیات (B) آبی وسائل (C) کاریز (D) خام مال

2۔ پاکستان میں خام لوہے کی پیداوار شروع ہوئی:

(A) 1958ء میں (B) 1957ء میں (C) 1956ء میں (D) 1955ء میں

3۔ پاکستان میں خام لوہے کے بہت بڑے ذخائر ہیں:

(A) کھیوڑہ میں (B) سوات میں (C) کالا باغ میں (D) گوادر میں

4۔ بلوچستان کے مقام پر سونے اور تانبے کے ذخائر دریافت ہوئے ہیں:

(A) چمن اور کوئٹہ (B) ژوب اور لورالائی (C) زیارت اور مستونگ (D) چاغی اور سینڈک

5۔ ایلومینیم بنانے میں استعمال ہوتی ہے:

(A) منیگانیز (B) کرومائیٹ (C) باکسائیٹ (D) جپسم

6۔ بیٹری سازی، بلب بنانے، رنگ سازی میں استعمال ہوتی ہے:

(A) جپسم (B) مینگانیز (C) کرومائیٹ (D) گندھک

7۔ پاکستان میں کوئلے کے ذخائر موجود ہیں:

(A) 120 بلین ٹن (B) 140 بلین ٹن (C) 165 بلین ٹن (D) 185 بلین ٹن

8۔ پاکستان میں کوئلے کے سب سے بڑے ذخائر ہیں:

(A) ہنگو میں (B) تھر میں (C) ڈنڈوت میں (D) مچھ بولان میں

9۔ پاکستان پیداوار میں خود کفیل ہے:

(A) خوردنی نمک کی (B) گندم کی (C) ٹماٹر کی (D) ادرک کی

10۔ عمارات کی تزئین و آرائش کے لیے استعمال ہوتا ہے:

(A) چونے کا پتھر (B) جپسم (C) سنگِ مرمر (D) کرومائیٹ

11۔ سیمنٹ بنانے میں استعمال ہوتا ہے:

(A) سنگِ مرمر (B) تانبا (C) خوردنی نمک (D) چونے کا پتھر

taleemcity.com

جوابات:

1۔معدنیات	2۔1957ء میں	3۔کالاباغ میں
4۔چاغی اور سینڈک	5۔باکسائیٹ	6۔مینگانیز
7۔185بلین ٹن	8۔تھر میں	9۔خوردنی نمک کی
10۔سنگِ مرمر	11۔چونے کا پتھر	

یہ نوٹس اور اس طرح کے مزید نوٹس پڑھنے یا ڈاونلوڈ کرنے کے لئے ہماری ویبسائٹ taleemcity.com وزٹ کریں۔

مختصر جواب دیں۔

1۔معدنیات کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟

جواب: معدنیات کی دو اقسام ہیں:

1۔دھاتی معدنیات 2۔غیر دھاتی معدنیات

2۔پاکستان میں کوئلے کے بڑے ذخائر کہاں ہیں؟

جواب: پاکستان میں کوئلے کے بڑے ذخائر کالاباغ (میانوالی) میں ہیں۔

3۔بلوچستان کے کس علاقے سے سونے اور تانبے کے ذخائر دریافت ہوئے ہیں؟

جواب: بلوچستان کے علاقے چاغی اور سینڈک سے سونے اور تانبے کے ذخائر دریافت ہوئے ہیں۔

4۔مینگانیز کا استعمال کہاں ہوتا ہے؟

جواب: مینگانیز کی دھات بیٹری سازی، بلب بنانے، رنگ سازی انڈسٹری میں استعمال ہوتی ہے۔

5۔باکسائیٹ دھات کے ذخائر کہاں کہاں پائے جاتے ہیں؟

جواب: باکسائیٹ دھات کے ذخائر آزاد کشمیر میں ضلع مظفر آباد اور کوٹلی، پنجاب میں کوہستان نمک کے وسطی علاقوں میں اور بلوچستان میں ضلع لورالائی کے مقامات پر پائے جاتے ہیں۔

6۔بلوچستان میں کرومائیٹ کے ذخائر کن علاقوں میں پائے جاتے ہیں؟

جواب: بلوچستان میں کرومائیٹ کے ذخائر مسلم باغ، لسبیلہ اور چاغی کے علاقوں میں پائے جاتے ہیں۔

7۔پاکستان میں کوئلے کا استعمال کہاں ہوتا ہے؟

جواب: پاکستان میں زیادہ تر کوئلے کا استعمال تھرمل بجلی پیدا کرنے، گھروں اور بھٹہ خِشت پر اینٹیں پکانے میں ہوتا ہے۔

8۔سندھ میں کوئلے کے ذخائر کہاں پائے جاتے ہیں؟

جواب: سندھ میں کوئلے کے ذخائر جمپیر، سارنگ، لاکھڑا اور تھر میں پائے جاتے ہیں۔

9۔جپسم کا استعمال لکھیں۔

جواب: جپسم کو زراعت میں سیم و تھور کے خاتمے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔یہ کیمیائی کھاد، سیمنٹ، کاغذ اور روغن تیار کرنے کی صنعتوں میں بھی استعمال ہوتا ہے۔

10۔سنگِ مرمر کے ذخائر کہاں پائے جاتے ہیں؟

جواب: سنگِ مرمر کے ذخائر سوات، چاغی، آزاد کشمیر میں میرپور اور مظفر آباد کے اضلاع میں پائے جاتے ہیں۔

11۔گندھک زیادہ تر رنگ، روغن، کیمیائی کھاد، مصنوعی ریشے اور دھماکہ خیز مواد کی تیاری میں استعمال کی جاتی ہے۔

زراعت کی اہمیت، اس کے مسائل اور زراعت میں جدت لانے کے لیے کوششیں

(Importance of agriculture, problems, and efforts to modernize agriculture)

پاکستان کے آبی ذرائع اور آب پاشی کا موجودہ نظام

(Water resource of Pakistan and existing irrigation system)

درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔پاکستان میں دیہی آبادی کے لوگ زراعت سے وابستہ ہیں:

(A)70فی صد (B)60فی صد (C)55فی صد (D)50فی صد

2۔جی ڈی پی میں زراعت کا حصہ ہے:

(A)قریباً19فی صد (B)قریباً17فی صد (C)قریباً15فی صد (D)قریباً14فی صد

3۔پاکستان میں پانی فصلوں کے کام آتا ہے:

(A)30فی صد (B)35فیصد (C)40فی صد (D)50فی صد

4۔پانی کی فراہمی کا اہم قدرتی ذریعہ ہے:

(A)کاریز (B)انہار (C)ٹیوب ویل (D)بارش

5۔پاکستان میں زرعی رقبہ بارانی کاشت پر مشتمل ہے:

(A)20ملین ہیکٹر (B)15ملین ہیکٹر (C)10ملین ہیکٹر (D)5ملین ہیکٹر

6۔کارگردگی کے لحاظ سے انہار کی قسمیں ہیں:

(A)دو (B)تین (C)چار (D)پانچ

7۔جو نہریں سارا سال جاری رہتی ہیں کہلاتی ہیں:

(A)دوامی نہریں (B)غیر دوامی نہریں (C)سیلابی نہریں (D)عارضی نہریں

8۔غیر دوامی نہروں کو کہا جاتا ہے:

(A)سہ ماہی نہریں (B)ششماہی نہریں (C)نوماہی نہریں (D)سالانہ نہریں

9۔پاکستان کے ٹیوب ویلوں کا پانی فصلوں کے لیے موزوں نہیں:

(A)قریباً30فی صد (B)قریباً50فی صد (C)قریباً60فی صد (D)قریباً70فی صد

10۔پاکستان میں کاریز کا نظام ہے:

(A)قبائلی علاقے میں (B)بلوچستان میں (C)پنجاب میں (D)سندھ میں

جوابات:

1۔60فی صد	2۔ قریباً19فی صد	3۔40فی صد	4۔بارش
5۔5ملین ہیکٹر	6۔ تین	7۔ دوامی نہریں	8۔ششماہی نہریں
9۔ قریباً70فی صد	10۔بلوچستان میں		

taleemcity.com

مختصر جواب دیں۔

1۔ پاکستان میں زراعت کو درپیش چار مسائل لکھیں۔

جواب: پاکستان میں زراعت کو درپیش چار مسائل یہ ہیں:

1۔ ناقص نظام آب پاشی
2۔ سیم تھور
3۔ سیلاب اور قدرتی آفات
4۔ کھاد، بیج اور ادویات کا مہنگا ہونا

2۔ زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے چار حکومتی اقدامات لکھیں۔

جواب: زرعی پیداوار میں اضافے کے لیے چار حکومتی اقدامات یہ ہیں:

1۔ ٹریکٹر کی خریداری کے لیے قرضہ سکیم کا اجرا
2۔ کھالوں کی پختگی کے لیے سامان کی فراہمی
3۔ آسان شرائط پر قرض کی فراہمی
4۔ اجناس کی امدادی قیمتوں کا تعین

3۔ آب پاشی کے اہم ذرائع کون کون سے ہیں؟

جواب: آب پاشی کے اہم ذرائع میں بارش، انہار، ٹیوب ویل اور کاریز شامل ہیں۔

4۔ دوامی نہریں کسے کہتے ہیں؟

جواب: وہ نہریں جو سارا سال جاری رہتی ہیں دوامی نہریں کہلاتی ہیں۔

5۔ غیر دوامی نہروں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: غیر دوامی نہروں کو ششماہی نہریں بھی کہا جاتا ہے۔ ان میں صرف موسم گرما اور برسات میں ہی پانی چھوڑا جاتا ہے۔

6۔ سیلابی نہروں کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

جواب: سیلابی نہروں میں موسم گرما اور برسات میں اس وقت پانی چھوڑا جاتا ہے جب دریاؤں میں پانی کی سطح بلند ہو جائے یا طغیانی کے وقت بیراج کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو۔

7۔ پاکستان کے 70 فیصد ٹیوب ویلوں کا پانی فصلوں کے لیے کیوں موزوں نہیں؟

جواب: پاکستان کے 70 فی صد ٹیوب ویلوں کا پانی فصلوں کے لیے موزوں نہیں کیوں کہ یہ زمینوں میں سیم تھور پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے۔

8۔ کاریز کیا ہیں؟

جواب: بلوچستان میں پانی کی کمی کے باعث پانی کو زیر زمین نالوں کے ذریعے کھیتوں تک پہنچایا جاتا ہے۔ ان نالوں کو کاریز کہتے ہیں۔

9۔ کاریز کے پانی کا ذریعہ کیا ہے؟

جواب: کاریز کے پانی کا ذریعہ پہاڑوں سے رسنے والے چشمے ہیں۔

معاہدہ سندھ طاس (Indus water treaty)

دریائے سندھ اور اس کے مشرقی معاون دریاؤں پر قائم بیراج اور انہار

(Barrages and canals on river Indus and its Eastern tributaries)

درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔ بھارت نے پاکستانی نہروں کا پانی روک لیا:

(A) 1951ء میں (B) 1950ء میں (C) 1949ء میں (D) 1948ء میں

2۔ پاکستان اور بھارت کے درمیان سندھ طاس کا معاہدہ ہوا:

(A) 1970ء میں (B) 1965ء میں (C) 1960ء میں (D) 1955ء میں

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

3۔ دریائے سندھ پر صوبہ پنجاب کا پہلا بیراج ہے:

(A) جناح بیراج (B) چشمہ بیراج (C) تونسہ بیراج (D) مرالہ بیرج

4۔ تونسہ بیراج واقع ہے:

(A) خیبر پختونخواہ میں (B) سندھ میں (C) بلوچستان میں (D) پنجاب میں

5۔ گدو بیراج سے نہریں نکالی گئی ہیں:

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

6۔ صوبہ سندھ کا سب سے بڑا بیراج ہے:

(A) سکھر بیراج (B) گدو بیراج (C) کوٹری بیراج (D) تونسہ بیراج

7۔ دریائے چناب پر قائم ہونے والا پہلا بیراج ہے:

(A) سول بیراج (B) مرالہ بیراج (C) خانکی بیراج (D) چشمہ بیراج

8۔ تریموں کے مقام پر دریا آپس میں مل جاتے ہیں:

(A) دریائے راوی اور دریائے چناب (B) دریائے ستلج اور دریائے راوی (C) دریائے جہلم اور دریائے چناب (D) دریائے جہلم اور دریائے سندھ

9۔ پانچ دریا مقام پر ملتے ہیں:

(A) کوٹ مٹھن (B) ڈیرہ غازی خان (C) پنجند (D) تریموں

10۔ وارسک ڈیم دریا پر تعمیر کیا گیا ہے:

(A) دریائے جہلم (B) دریائے کابل (C) دریائے نیلم (D) دریائے چناب

11۔ خان پور ڈیم اسلام آباد سے دور ہے:

(A) قریباً 20 کلومیٹر (B) قریباً 25 کلومیٹر (C) قریباً 35 کلومیٹر (D) قریباً 40 کلومیٹر

12۔ صوبہ سندھ اور بلوچستان کی سرحد پر واقع ہے:

(A) میرانی ڈیم (B) وارسک ڈیم (C) حب ڈیم (D) خان پور ڈیم

جوابات:

1۔ 1948ء میں	2۔ 1960ء میں	3۔ جناح بیراج
4۔ پنجاب میں	5۔ چار	6۔ سکھر بیراج
7۔ مرالہ بیراج	8۔ دریائے جہلم اور دریائے چناب	9۔ پنجند
10۔ درایائے کابل	11۔ قریباً 40 کلومیٹر	12۔ حب ڈیم

مختصر جواب دیں۔

1۔ سندھ طاس میں معاہدے کے تحت کون سے دریا پاکستان اور بھارت کے حصّے میں آئے؟

جواب: 1960ء کے سندھ طاس معاہدے کے تحت تی مشرقی دریا راوی، ستلج اور بیاس بھارت کے حصّے میں آئے جب کہ تین مغربی دریا چناب، جہلم اور سندھ پاکستان کے حصّے میں آئے۔

2۔ جناح بیراج کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: جناح بیراج دریائے سندھ پر صوبہ پنجاب کا پہلا بیراج ہے۔ یہاں سے تھل کینال نکال کر میانوالی، بھکر اور لیہ کے اضلاع کی آبِ پاشی کی جا رہی ہے۔

3۔ صوبہ پنجاب کے دریائے سندھ پر کون سے بیراج ہیں؟

جواب: صوبہ پنجاب کے دریائے سندھ پر تین بیراج ہیں:

taleemcity.com

1۔ جناح بیراج　　　2۔ تونسہ بیراج　　　3۔ چشمہ بیراج

4۔ گدو بیراج کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

جواب: گدو بیراج دریائے سندھ پر صوبہ سندھ کا پہلا بیراج ہے۔ یہاں سے چار انہار نکال کر صوبہ بلوچستان کی نصیر آباد ڈویژن اور صوبہ سندھ کے شمالی علاقوں کو پانی فراہم کیا جارہا ہے۔

5۔ سکھر بیراج کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: یہ صوبہ سندھ کا سب سے بڑا بیراج ہے۔ یہاں سے سات آبِ پاشی انہار نکالی گئی ہیں۔ جو صوبہ سندھ اور بلوچستان کو پانی فراہم کرتی ہیں۔

6۔ دریائے سندھ پر واقع صوبہ سندھ کے بیراجوں کے نام لکھیں۔

جواب:

1۔ گدو بیراج　　　2۔ سکھر بیراج　　　3۔ کوٹری بیراج

7۔ رسول بیراج کے متعلق چند جملے لکھیں۔

جواب: رسول بیراج سے لوئر جہلم نہر نکال کر منڈی بہاؤالدین، سرگودھا، خوشاب اور چنیوٹ کے اضلاع کو پانی فراہم کیا جارہا ہے۔ رسول قادر آباد لنک کینال بھی نکالی گئی ہے۔

8۔ قادر آباد بیراج کس طرح دریاؤں کو آپس میں ملانے کا کام سرانجام دیتا ہے؟

جواب: دریائے چناب پر قائم یہ بیراج رابطہ نہروں کے ذریعے سے دریاؤں کو آپس میں ملاتا ہے۔ رسول قادر آباد لنک کینال کے ذریعے سے دریائے جہلم کو چناب سے ملاتا ہے۔ قادر آباد بلوکی لنک کینال کے ذریعے دریائے چناب کو دریائے راوی سے ملاتا ہے۔

9۔ تریموں بیراج کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

جواب: دریائے چناب اور دریائے جہلم دونوں تریموں کے مقام پر آپس میں مل جاتے ہیں۔ یہاں سے تین نہریں رنگ پور، حویلی اور تریموں سدھنائی لنک نکالی گئی ہیں۔ جو ضلع جھنگ کو پانی فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ تریموں اور سدھنائی بیراج کو آپس میں ملاتی ہیں۔

10۔ پنجند کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔

جواب: پانچ دریا یعنی بیاس، ستلج، راوی، چناب اور جہلم آپس میں ضم ہو کر پنجند کے مقام پر پنجند کی صورت اختیار کرتے ہیں۔

11۔ دریائے راوی پر قائم بیراجوں کے نام لکھیں۔

جواب: دریائے راوی پر بلوکی بیراج اور سدھنائی بیراج قائم ہیں۔

12۔ دریائے ستلج پر قائم بیراجوں کے نام لکھیں۔

جواب: دیائے ستلج پر قائم بیراجوں میں سلیمانکی بیراج اور اسلام بیراج شامل ہیں۔

13۔ غازی بروتھا کی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت کتنی ہے؟

جواب: غازی بروتھا کی بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت 1450 میگاواٹ ہے۔

14۔ صوبہ خیبر پختونخواہ کے اہم دریا کون کون سے ہیں؟

جواب: صوبہ خیبر پختونخواہ کے اہم دریاؤں میں سوات، چترال، کابل، کرم، کنہار، ہرو، گومل، ٹوچی ہچکوڑہ، کنٹر، باڑہ اور ٹانک زم وغیرہ شامل ہیں۔

15۔ صوبہ خیبر پختونخواہ کے ڈیموں کے نام لکھیں۔

جواب: صوبہ خیبر پختونخواہ کے ڈیموں میں وارسک ڈیم، خان پور ڈیم، تانڈا اور چنعوز ڈیم شامل ہیں۔

16۔ صوبہ بلوچستان کے اہم دریا کون کون سے ہیں؟

جواب: صوبہ بلوچستان کے اہم دریاؤں میں گومل، دشت، ژوب، حب، کیچ اور ہنگول وغیرہ شامل ہیں۔

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

17۔صوبہ بلوچستان کے ڈیموں کے نام لکھیں۔

جواب:حب ڈیم اور میرانی ڈیم بلوچستان کے ڈیم ہیں۔

18۔گلگت بلتستان کس کی سرزمین ہے؟

جواب:گلگت بلتستان دریاؤں، ندی نالوں، چشموں اور دنیا کے بڑے گلیشیرز کی سرزمین ہے۔

19۔گلگت بلتستان کے اہم دریا کون سے ہیں؟

جواب:شیوک، شِگر، گلگت، استوار، ہنزہ اور ہسپر وغیرہ گلگت بلتستان کے اہم دریا ہیں۔

پاکستان کی اہم فصلوں کی پیداوار، تقسیم، مویشی پالنا اور ماہی گیری

(Production, distribution of major crops, livestock and fisheries in Pakistan)

صنعتوں کی اہمیت، ان کا محل وقوع۔گھریلو، چھوٹی اور بھاری صنعتوں کی پیداوار

(Importance of industries, their location and production of cottage, small and large- scale industries)

پاکستان میں توانائی کے مختلف وسائل کی اہمیت، پیداوار اور کھپت

(Importance, production and consumption of different sources of energy in Pakistan)

درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔پاکستان کی سب سے بڑی اہم غذائی فصل ہے:

(A)گندم (B)چاول (C)مکئی (D)گنا

2۔پاکستان کی فصل زرِمبادلہ کا اہم ذریعہ ہے:

(A)گنا (B)گندم (C)مکئی (D)چاول

3۔پاکستان میں کپاس کی فی ہیکٹر پیداوار ہے:

(A)600کلوگرام (B)700کلوگرام (C)900کلوگرام (D)1200کلوگرام

4۔1200کلوگرام فی ہیکٹر کپاس کی پیداوار ہے:

(A)پاکستان (B)چین (C)بھارت (D)افغانستان

5۔پاکستان میں مکئی کی اوسط سالانہ پیداوار ہے:

(A)قریباً6ملین ٹن (B)قریباً7ملین ٹن (C)قریباً8ملین ٹن (D)قریباً9ملین ٹن

6۔پولٹری سے لوگوں کا روزگار وابستہ ہے:

(A)قریباً10لاکھ (B)قریباً15لاکھ (C)قریباً20لاکھ (D)قریباً25لاکھ

7۔سمندر یا دریاؤں کے کنارے پر بسنے والے اکثر افراد شعبہ سے وابستہ ہیں:

(A)گلہ بانی (B)پولٹری (C)کاشت کاری (D)ماہی گیری

8۔دریاں بنانا، قالین بافی مثالیں ہیں:

(A)گھریلو صنعت کی (B)بڑے پیمانے کی صنعت کی (C)کارخانے کی (D)چھوٹی صنعت کی

9۔پاکستان کی سب سے بڑی صنعت ہے:

(A)ادویات سازی (B)کیمیائی کھادیں تیار کرنا (C)ٹیکسٹائل (D)موبائل فون

10۔پاکستان کی صنعت پرانی اور اہم ہے:

(A)ٹیکسٹائل (B)پٹرولیم (C)موبائل فون (D)دفاع

taleemcity.com

11۔ وسائل توانائی کی اقسام ہیں:

(A) دو (B) تین (C) چار (D) پانچ

12۔ پاکستان میں سب سے زیادہ بجلی پیدا ہوتی ہے

(A) پانی سے (B) ایٹم سے (C) ہوا سے (D) تھرمل سے

13۔ پاکستان میں کوئلے کے ذخائر سے سالانہ بجلی پیدا کی جاسکتی ہے:

(A) 50ہزار میگاواٹ (B) 45ہزار میگاواٹ (C) 40ہزار میگاواٹ (D) 30ہزار میگاواٹ

14۔ سوئی کے مقام پر گیس کا ذخیرہ دریافت ہوا:

(A) 1949ء میں (B) 1950ء میں (C) 1951ء میں (D) 1952ء میں

15۔ پاکستان میں "آئل اینڈ گیس ڈویلپمنٹ کمپنی لمیٹڈ (OGDCL) کا ادارہ قائم ہوا:

(A) 1952ء میں (B) 1956ء میں (C) 1961ء میں (D) 1964ء میں

16۔ پاکستان میں معدنی تیل کی دریافت ہوئی:

(A) 1952ء میں (B) 1957ء میں (C) 1963ء میں (D) 1968ء میں

17۔ ملکی توانائی کی ضروریات معدنی تیل سے پوری ہوتی ہیں:

(A) قریباً 30فی صد (B) قریباً 40فی صد (C) قریباً 45فی صد (D) قریباً 50فی صد

جوابات:

1۔ گندم	2۔ چاول	3۔ 700کلوگرام	4۔ بھارت
5۔ قریباً 6ملین ٹن	6۔ قریباً 15لاکھ	7۔ ماہی گیری	8۔ گھریلو صنعت کی
9۔ ٹیکسٹائل	10۔ دفاعی	11۔ چار	12۔ تھرمل سے
13۔ 50ہزار میگاواٹ	14۔ 1952ء میں	15۔ 1961ء میں	16۔ 1968ء میں
17۔ قریباً 40فی صد			

مختصر جواب دیں۔

1۔ پاکستان کی اہم فصلیں کون سی ہیں؟

جواب: پاکستان کی اہم فصلیں یہ ہیں گندم، گنا، چاول اور مکئی وغیرہ۔

2۔ صوبہ پنجاب کے کن علاقوں میں گندم کی کاشت کی جاتی ہے؟

جواب: صوبہ پنجاب میں ملتان، خانیوال، ساہیوال، وہاڑی، فیصل آباد، توبہ ٹیک سنگھ، سرگودھا، مظفر گڑھ، جھنگ، بہاولپور اور ڈیرہ غازی خان میں گندم کی کاشت کی جاتی ہے۔

3۔ صوبہ پنجاب کے کن اضلاع میں چاول کی کاشت کی جاتی ہے؟

جواب: صوبہ پنجاب کے اضلاع گوجرانوالہ، حافظ آباد، شیخوپورہ، سیالکوٹ، نارووال، قصور، لاہور اور اوکاڑہ میں چاول کی کاشت کی جاتی ہے۔

4۔ 20-2019ء میں پاکستان میں کپاس کا زیر کاشت رقبہ کتنا تھا؟

جواب: 20-2019 میں پاکستان میں کپاس کا زیرِ کاشت رقبہ 25لاکھ 27ہزار ہیکٹر تھا۔

5۔ بلوچستان میں کن علاقوں میں کپاس کاشت کی جاتی ہے؟

جواب: بلوچستان میں جعفر آباد، نصیر آباد اور قلات ڈویژن کے نہری علاقوں میں کپاس کاشت کی جاتی ہے۔

6۔ گنا سے کیا تیار کیا جاتا ہے؟

taleemcity.com

جواب: گنا سے سفید چینی، شکر اور گڑ تیار کیا جاتا ہے۔

7۔ پاکستان میں گنے کی فی ہیکٹر پیداوار کتنی ہے؟

جواب: پاکستان میں گنے کی فی ہیکٹر پیداوار اوسطاً 61 ہزار کلو گرام ہے۔

8۔ مکئی کی فصل کہاں استعمال کی جاتی ہے؟

جواب: مکئی کی فصل غذائی مقاصد اور جانوروں کے لیے چارے کے طور پر استعمال کی جاتی ہے۔

9۔ پنجاب کے کن علاقوں میں مکئی کی کاشت ہوتی ہے؟

جواب: پنجاب کے علاقوں پاکپتن، ساہیوال، وہاڑی، فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، سرگودھا، مظفر گڑھ، جھنگ، بہاولپور، ڈیرہ غازی خان اور اوکاڑہ میں مکئی کاشت کی جاتی ہے۔

10۔ مکئی سے کون کون سی چیزیں بنتی ہیں؟

جواب: مکئی سے کارن آئل، کسٹرڈ پاؤڈر، پوپ کارن اور جیلی وغیرہ بنائی جاتی ہے۔

11۔ حکومت لائیوسٹاک میں اضافہ کے لیے کیا اقدامات کر رہی ہے؟

جواب: حکومت لائیو سٹاک میں اضافہ کے لیے یہ اقدامات کر رہی ہے۔ افزائشِ نسل والے جانوروں کی درآمد، موبائل سروس، متعلقہ افراد کی تربیت، لائیو سٹاک اور ڈیری کی درآمد پر کسٹم ڈیوٹی کا خاتمہ اور اس شعبے کے لیے بینکوں سے کم مارک اپ قرضوں کا حصول وغیرہ شامل ہیں۔

12۔ مچھلی کو انسانی غذا میں کیا اہمیت حاصل ہے؟

جواب: مچھلی کو انسانی غذا میں بہت اہمیت حاصل ہے کیوں کہ یہ پروٹین مہیا کرتی ہے۔

13۔ صنعتی ترقی کے چند فوائد لکھیں۔

جواب: صنعتی ترقی کے چند فوائد یہ ہیں:

1۔ ملک میں معاشی استحکام ہوتا ہے۔
2۔ فی کس آمدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔
3۔ برآمدات میں اضافہ ہوتا ہے۔
4۔ ملک کے زرِمبادلہ میں اضافہ ہوتا ہے۔

14۔ گھریلو صنعت سے کیا مراد ہے؟

جواب: گھریلو صنعت سے مراد ایک ایسی صنعت ہے جو گھر پر ہی افراد خانہ بہت کم سرمایہ لگا کر باہمی تعاون واشتراک سے چلا رہے ہوں اور اس میں صرف انسانی محنت کا عمل دخل ہو۔ اگر مشین کا استعمال ناگریز ہو تو محدود پیمانے پر ہوتا ہے۔

15۔ گھریلو صنعت کی چند مثالیں دیں۔

جواب: گھریلو صنعت کی مثالیں یہ ہیں۔ کپڑوں کی سلائی، کھیس اور دریاں بنانا، مرغ بانی، قالین بافی وغیرہ۔

16۔ غیر ملکی سیاح کس میں زیادہ دل چسپی رکھتے ہیں؟

جواب: غیر ملکی سیاح گھریلو دست کاری میں زیادہ دل چسپی رکھتے ہیں۔

17۔ چھوٹی صنعت سے کیا مراد ہے؟

جواب: چھوٹی صنعت سے مراد ایسی صنعت ہے جس میں بھاری مشینری درکار نہ ہو۔

18۔ چھوٹی صنعت میں کون کون سی چیزیں شامل ہیں؟

جواب: چھوٹی صنعت میں مرغی خانہ، ڈیری فارمنگ، مچھلی پالنا، پاور لومز، کھیلوں کا سامان تیار کرنا، آٹے کی مشین اور چاول جھڑنے کے شیلز وغیرہ شامل ہیں۔

19۔ چھوٹی صنعت کے چند اہم مسائل لکھیں۔

جواب:

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

1۔ کم پڑھا لکھا ہونے کی وجہ سے جدید ٹیکنالوجی سے فائدہ نہ اٹھانا۔ 2۔ مارکیٹ کی طلب کے مطابق اشیا کا معاری نہ ہونا۔

3۔ بڑی صنعتوں کے مقابلہ میں منڈیوں تک رسائی مشکل ہونا۔ 4۔ اپنی مصنوعات کی مناسب مارکیٹنگ نہ کر سکنا۔

20۔ بڑے پیمانے کی صنعتوں میں کون کون سی صنعتیں شامل ہیں؟

جواب: بڑے پیمانے کی صنعتوں میں ٹیکسٹائل، ادویات، سیمنٹ، سگریٹ، ایئرکنڈیشنر، بسیں، کاریں، پٹرولیم، آٹوموبائل، کیمیائی، کھادیں تیار کرنے کی صنعتیں، موبائل فون، موٹر سائیکل بنانے کی صنعت، ٹی وی چینی اور کوکنگ آئل وغیرہ کی صنعتیں شامل ہیں۔

21۔ ٹیکسٹائل کی صنعت کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

جواب: ٹیکسٹائل ہماری سب سے بڑی صنعت ہے۔ یہ ہماری معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ شعبہ 38 فی صد افرادی قوت کو روزگار فراہم کر رہا ہے۔

22۔ پاکستان کی دفاعی صنعتوں کے نام لکھیں۔

جواب: پاکستان کی دفاعی صنعتوں میں ہیوی میکینیکل کمپلیکس، پاکستان آرڈیننس، فیکٹریز واہ کینٹ اور ہیوی انڈسٹریز ٹیکسلا وغیرہ شامل ہیں۔

23۔ وسائل توانائی کی اقسام کون کون سی ہیں؟

جواب: وسائل توانائی کی اقسام میں بجلی، گیس، معدنی تیل اور کوئلہ شامل ہیں۔

24۔ کوئلے سے کتنی بجلی پیدا کی جاسکتی ہے؟

جواب: ماہرین کے مطابق پاکستان کے کوئلے کے ذخائر سے 50 ہزار میگاواٹ سالانہ بجلی پیدا کی جاسکتی ہے جو اگلے 500 سالوں تک ہماری گھریلو اور صنعتی ضروریات کو پورا کر سکتی ہے۔

25۔ بجلی کی بچت کے لیے چند تجاویز دیں۔

جواب: بجلی کی بچت درج ذیل طریقوں سے کی جاسکتی ہے:

1۔ انرجی سیور اور ایل ای ڈی (L.E.D) بلب استعمال کرکے 2۔ دفاتر میں ایئر کنڈیشنز کا مخصوص اوقات میں استعمال کرکے

3۔ شادی اور دیگر تقریبات کے لیے مقررہ وقت پر عمل کرکے 4۔ بجلی بچاؤ، مہم چلا کر

26۔ پاکستان میں قدرتی گیس کے بارے میں چند جملے لکھیں۔

جواب: پاکستان میں قدرتی گیس کا سب سے بڑا ذخیرہ 1952ء میں سوئی (بلوچستان) کے مقام پر دریافت ہوا۔ پاکستان میں قدرتی گیس کی اوسط روزانہ پیدا وار چار بلین مکعب فٹ سے زائد ہے۔ اس سے 38 فی صد کے قریب ملکی توانائی کی ضروریات پوری کی جارہی ہیں قدرتی گیس توانائی کا سستا اور صاف ستھرا ذریعہ ہے۔ معدنی تیل اور کوئلے کا بہترین نعم البدل ہے۔

پاکستان کی بین الاقوامی تجارت (درآمدات، برآمدات) اور معیشت پر اثرات

(International trade of Pakistan (imorts and exports) nd its impact on the economy)

پاکستان کی بندگاہیں اور خشک گودیوں کی اہمیت (Importance of sea ports and dry ports of Pakistan)

درست جواب کا انتخاب کریں۔

1۔ پاکستان کی درآمدات کا 30 فی صد حصہ آتا ہے:

(A) چھ ممالک سے (B) سات ممالک سے (C) آٹھ ممالک سے (D) دس ممالک سے

2۔ پاکستان کی بندرگاہ قریباً ڈیڑھ سو سال پرانی ہے:

(A) پسنی بندرگاہ (B) گوادر بندرگاہ (C) کراچی بندرگاہ (D) بن قاسم بندرگاہ

3۔ ملک کی 40 فی صد جہاز رانی کی ضروریات پوری کر رہی ہے:

(A) کراچی بندگاہ (B) گوادر بندرگاہ (C) بن قاسم بندرگاہ (D) پسنی بندرگاہ

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com

4۔ گوادر کا علاقہ پاکستان نے 1958ء میں 3 لاکھ ڈالر کا خرید اتھا:

(A) ایران سے　　(B) اومان سے　　(C) افغانستان سے　　(D) متحدہ عرب امارات سے

جوابات:

1۔ چھے ممالک سے　　2۔ کراچی بندر گاہ　　3۔ بن قاسم بندر گاہ　　4۔ اومان سے

مختصر جواب دیں۔

1۔ درآمدات اور بر آمدات سے کیا مراد ہے؟

جواب: کسی دوسرے ملک سے اشیا منگوانا درآمدات اور اپنے ملک کی اشیا دوسرے ملک کو بیچنا بر آمدات کہلاتا ہے۔

2۔ پاکستان کی اہم درآمدات کون کون سی ہیں؟

جواب: پاکستان کی اہم درآمدات میں پٹرولیم مصنوعات، مشینری، الیکٹرانک اشیا، دوائیاں، کاریں، فریج، ایئر کنڈیشنر، چائے، کھانے کا تیل اور خشک دودھ شامل ہیں۔

3۔ پاکستان کی اہم بر آمدات کون کون سی ہیں؟

جواب: پاکستان کی اہم بر آمدات میں ٹیکسٹائل کی مصنوعات، چاول، سبزیاں، سیمنٹ، سرجری کا سامان، کھیلوں کا سامان، ریڈی میڈ گارمنٹس، چمڑے کی مصنوعات، جیولری اور کیمیکل شامل ہیں۔

4۔ پاکستان کی مشہور بندرگاہوں کے نام لکھیں؟

جواب: پاکستان کی مشہور بندرگاہوں میں کراچی بندر گاہ، بن قاسم بندر گاہ، گوادر بندر گاہ، پسنی اور جیوانی بندر گاہیں وغیرہ شامل ہیں۔

5۔ پاکستان میں خشک گودیاں کن شہروں میں ہیں؟

جواب: پاکستان میں خشک گودیاں لاہور، کراچی، سیالکوٹ، پشاور، ملتان، کوئٹہ، سوات، سمبڑیال، فیصل آباد میں ہیں۔

یہ نوٹس اور اس طرح کے مزید نوٹس پڑھنے یا ڈاؤنلوڈ کرنے کے لئے ہماری ویبسائٹ taleemcity.com وزٹ کریں۔

taleemcity.com

FSC, Matric Notes, Test Papers, Past Papers & other study material is available on taleemcity.com